U.S. Citizenship and Immigration Services

فارم I-9، ملازمتی اہلیت کی تصدیق

ملازم معلوماتی پرچہ

1. **فارم I-9 کا کیا مقصد کیا ہے؟** وفاقی قانون کے تحت آجرین کو نئے ملازمین کی شناخت اور ملازمت کی اختیار کی توثیق کرانے کی ضرورت ہوتی ہے اور بعد کی تاریخ میں محض بعض صورتوں میں ملازمت کی دوبارہ توثیق کرانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایسا کرنے کیلئے ملازمین لازماً فارم I-9 استعمال کریں۔ آپ کا آجر آپ کو سیکشن 1 کو مکمل کرنے کا کہے گا۔ براہ مہربانی ہدایات کا جائزہ لیں اور صاف طور پر پرنٹ کریں۔

فارم I-9 کون رکھتا ہے؟ آپ کا آجر آپ کا مکمل فارم I-9 پاس رکھے گا، لیکن جب اس سے درخواست کی جائے گی تو بعض سرکاری ایجنسیوں کے ساتھ اس کا اشتراک کرنا لازمی ہو گا۔ محکمہ داخلی سلامتی کے افسران کی جانب سے، امیگریشن سے متعلق غیرمنصفافہ ملازمتی طرزعمل کیلئے خصوصی کونسل (OSC) محکمہ مشقت (لیبر ڈیپارٹمنٹ) کی جانب سے ایک آجر فارمز I-9 کا معائنہ کیا جا سکتا ہے۔

کیا میرا سیکشن 1 میں ہر چیز کو پر کرنا لازمی ہے؟ نہیں۔ تین اختیاری قطعات درج ذیل ہیں: (1) سوشل سیکورٹی نمبر، (2) ای میل پتہ، اور (3) ٹیلی فون نمبر۔ اگر آپ کا آجر ای ویریفائی (E-Verify) استعمال کرتا ہے تو، آپ لازماً اپنا سوشل سیکورٹی نمبر مہیا کریں۔ اگر آپ اپنا ای میل پتہ اور فون نمبر **فراہم کرتے ہیں، تو** ای ویریفائی (E-Verify) **آپ کے** ای ویریفائی (E-Verify) مقدمہ کے حوالے سے اہم معلومات دینے کے لئے قابل ہو گا۔

کیا مجھے سیکشن 2 یا سیکشن 3 مکمل کرنا چاہئے؟ نہیں۔ سیکشن 2 اور سیکشن 3 کو آپ کے آجر کی طرف سے مکمل کیا جائے گا۔

کیا فارم I-9 دیگر زبانوں میں دستیاب ہے؟ ہاں۔ فارم I-9 پورٹو ریکو میں استعمال کے لئے ہسپانوی میں بھی دستیاب ہے۔ پورٹوریکو سے باہر، ہسپانوی ورژن کو آجروں اور ملازمین کو صرف انگریزی زبان میں فارم کو مکمل کرنے میں مدد کے لئے ہی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

کوئی فرد جو انگریزی سمجھتا ہے مجھے فارم I-9 بھرنے میں مدد کر سکتا ہے؟ ہاں۔ آپ کسی کو بھی فارم مکمل کرنے میں مدد کے لئے پوچھ سکتے ہیں۔ عمومی مثالیں جہاں آپ کو اپنے لئے ترجمہ شدہ فارم کی ضرورت ہو یا آپ کو اپنی معلومات کو تحریر کرنے میں مدد کی ضرورت ہو۔ وہ فرد جو آپ کیلئے ترجمہ کرتا ہے یا فارم کو مکمل کرتا ہے تو آپ کو فارم I-9 میں لازماً "تیار کنندہ اور/یا مترجم سرٹیفیکیشن" مکمل کرنا چاہئے۔ تاہم، آپ کا ذاتی طور سیکشن 1 میں دستخط کرنا لازمی ہے۔

7. **مجھے اپنے آجر کو کون سی دستاویزات دکھانے کی ضرورت ہے؟** آپ کو "قابل قبول دستاویزات کی فہرست سے" آجر کو دستاویزات دکھانی چاہئیں۔ فہرست فارم I-9 کا حصہ ہے۔ آپ کو فیصلہ کرنا چاہئے کہ فہرست سے کون سی دستاویز یا دستاویزات دکھانی ہیں۔ آپ کا آجر یہ پوچھ یا کہہ نہیں سکتا ہے کہ آپ کوئی مخصوص دستاویز دکھائیں۔

کیا مجھے اپنے آجر کو ایک یا دو دستاویزات دکھانے کی ضرورت ہے؟ یہ منحصر ہے۔ کچھ ملازمین شناخت اور کام کی اجازت دونوں کو ثابت کرنے کے لئے "فہرست A" سے ایک دستاویز دکھانے کا انتخاب کرتے ہیں۔ دیگر ملازمین دستاویزات کا ایک مجموعہ دکھانے کا انتخاب کرتے ہیں—ان کی شناخت دکھانے کیلئے "فہرست B" سے ایک اور کام کی اجازت کو دکھانے کیلئے "فہرست C" سے ایک۔ دستاویزات کی ایک مکمل فہرست کے لئے جنہیں آپ استعمال کر سکتے ہیں، قابل قبول دستاویزات کی فہرست دیکھیں۔

9. **اگر میں سیکشن 1 مکمل اور/یا قابل قبول دستاویزات پیش نہیں کرتا ہوں، تو کیا ہو گا؟** اگر آپ فارم I-9 کے سیکشن 1 کو مکمل نہیں کرتے ہیں اور/یا قابل قبول دستاویزات پیش نہیں کرتے ہیں، تو آپ کا آجر آپ کی ملازمت کو ختم کر سکتا ہے۔

10. **اگر میں فارم پر جھوٹ بولتا ہوں تو کیا میں مصیبت میں پڑ سکتا ہوں؟** ہاں۔ اگر آپ فارم I-9 پر جھوٹ بولتے ہیں یا اس کیلئے جعلی دستاویزات پیش کرتے ہیں تو آپ پر فوجداری مقدمہ قائم کیا جا سکتا ہے۔

11. **اگر میں سوال پوچھنا چاہتا ہوں تو میں کسے کال کر سکتا ہوں، یا اگر میرا خیال ہے کہ میرا آجر میری قومیت یا شہریت کی حیثیت کی بنیاد پر مجھ سے غیر منصفانہ برتاؤ کر رہا ہے؟** فارم I-9 کے بارے میں سوالات کے لئے، 1-888-464-4218 پر امریکی شہریت اور امیگریشن سروسز کو فون کریں۔ اگر آپ کو یقین ہو کہ آپ سے قومیت یا شہریت کی حیثیت کی بنیاد پر غیر منصفانہ برتاؤ کیا گیا ہے، یا اپنے حقوق کے بارے میں سوالات پوچھنا چاہتے ہیں، تو 1-800-255-7688 پر امیگریشن سے متعلقہ غیر مناسب ملازمتی طرزعمل کے لئے خصوصی کونسل کے دفتر کو (زبان معاونت دستیاب ہے) یا 1-800-237-2515 (TDD) پر کال کریں۔

12. **میں فارم I-9 اور اپنے حقوق اور ملازم کے طور پر اپنی ذمہ داریوں کے بارے میں کہاں سے مزید معلومات حاصل کر سکتا ہوں؟** براہ مہربانی I-9 سینٹرل (www.uscis.Gov/I-9Central) ملاحظہ کریں۔ USCIS ملازم کے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں ماہانہ ویب نارز بھی پیش کرتا ہے۔ او ایس سی (OSC) ملازمین کیلئے انگریزی اور ہسپانوی زبانوں میں بھی مفت ویب نارز پیش کرتا ہے، اور او ایس سی (OSC) کی ویب سائٹ (justice.gov/crt/about/osc.www) پر ایک شیڈول بھی دستیاب ہے۔